اپارٹمنٹ اور کنوڈمینم فائر سیفٹی

کثیر الیونٹ و کثیر المنزلہ رہائش

MISSISSAUGA
Fire and Emergency Services
Leading today for tomorrow

MISSISSAUGA FIRE & EMERGENCY SERVICES

اگر آپ کسی کثیر المنزلہ اپارٹمنٹ، کنوڈمنیم یا ایسی عمارت میں رہائش پذیر ہیں جس کے مختلف حصے ہیں---

تو آپ کے لیے یہ جاننا نہایت ضروری ہے کہ آگ لگنے کی صورت میں کیا کیا جائے گا۔ یہ بروشر آپ کو ہنگامی حالات کے طریقہ ہائے کار کے بارے میں عمومی معلومات فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ طریقہ ہائے کار اونٹاریو فائر مارشل (Ontario Fire Marshal) اور میسیسیوگا فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز (Mississauga Fire and Emergency Services) کے جانب سے فراہم کی جانے والی معلومات کا مجموعہ ہے۔ تاہم، یہ جان لینا ضروری ہے کہ یہ طریقہ ہائے کار ہر اپارٹمنٹ یا کنوڈمنیم کے لیے موزوں اور مناسب نہیں۔

اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو اپنی عمارت کی انتظامیہ یا فون نمبر 905-896-5908 پر میسیسیوگا فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز سے رابطہ کریں۔

براہ مہربانی نوٹ کر لیں: اگر آپ کسی ایسی **معذوری** کا شکار ہیں جو آپ کو اپنے بل پر عمارت سے نکلنے کی راہ میں رکاوٹ ہے یا مستقبل کے ہنگامی حالات میں آپ کسی کی مدد کے محتاج ہوں گے---

تو آپ عمارت کی انتظامیہ سے رابطہ کر کے انہیں پیشگی اطلاع دینی چاہیے اور اپنا نام عمارت کے **فائر سیفٹی پلان**میں *"مدد کے محتاج افراد" ("Persons Requiring Assistance")* کی ***(Fire Safety Plan)*** *فہرست میں شامل کروانا چاہیے۔*

آگ سے بچاؤ کی اضافی معلومات کے لیے ہمارا ذیلی بروشر دیکھیں:

خود کو آگ سے بچائیں (Protect Yourself From Fire)

تین پہلوی دفاع (Practice the Three Lines of Defence)

آتشزدگی کی صورت میں آپ کو کیا کرنا ہے

اگر آپ کے یونٹ میں آگ بھڑک اٹھے

- اپنے یونٹ کے تمام لوگوں کو فی الفور باہر نکل جانے کو کہیں۔
- اپنے پیچھے دروازے بند کرتے آئیں۔ مگر انہیں تالا مت لگائیں۔

- اپنی منزل پر لگے فائر الارم کو کھینچ دیں اور "آگ، آگ، آگ" *("FIRE, FIRE, FIRE")* چلائیں۔
- قریب ترین محفوظ راستہ یا باہر نکلنے کی سیڑھیاں استعمال کرتے ہوئے عمارت کو خالی کر دیں۔
- محفوظ مقام پر پہنچ جانے کے بعد 911 پر آگ بجھانے والے محکمے کو طلب کریں۔
- آگ بجھانے والے عملے کو داخلی راستے پر ملیں اور انہیں بتائیں کہ آگ کہاں لگی ہے۔

جب آپ فائر الارم کی آواز سنیں

تو عمارت میں رکنے یا نکل جانے کا۔ فیصلہ ***آپ کا اپنا ہے***۔

اکثر اوقات آتشزدگی کی صورت میں بہترین طرزعمل عمارت کو جلد از جلد خالی کرنا ہی ہے۔ مگر ممکن ہے بعض صورتوں میں آپ عمارت خالی نہ کر پائیں یا آپ کو یونٹ میں رکنا پڑے۔ دونوں میں سے کسی بھی صورت میں آپ کو جلد عمل کرنا ہو گا۔

چاہے آپ کا فیصلہ کچھ بھی ہو، آپ کو چاہیے کہ خود کو دھوئیں سے محفوظ رکھیں۔

اگر آپ کا سامنا دھوئیں یا ممکنہ آگ سے ہو تو 911 کو کال کریں۔

اگر آپ عمارت سے نکلنے کا فیصلہ کریں تو

اپنے یونٹ کا دروازہ چیک کریں۔

- اگر دھواں دروازے کے آس پاس ہو تو اسے مت کھولیں۔ اپنے یونٹ کے اندر خود کو اس انداز سے دھوئیں سے محفوظ رکھیں جس کا بیان اس بروشر کے سیکشن میں دیا گیا ہے بشرطیکہ آپ نے یونٹ میں رہنے کا فیصلہ کیا ہو۔
- اگر دھواں نہ ہو تو اسے ہاتھ لگا کر اس کے گرم ہونے کو چیک کریں، دروازہ گرم نہ ہو تو خود کو اس کے پیچھے چھپا کر دروازہ تھوڑا سا کھولیں۔ دھواں یا گرمی محسوس ہونے پر دروازے کو فوری بند کر کے خود کو محفوظ بنائیں۔

- اگر برآمدہ خالی ہے تو اپنی چابیاں لیں، دروازے کو تالا لگائیں اور قریب ترین محفوظ سیڑھیوں کی طرف بڑھیں۔

ایلیویٹر استعمال کرنے سے گریز کریں۔

- قریبی سیڑھیوں کا دروازہ احتیاط سے کھولیں۔

اگر **دھواں نہ ہو تو** سیڑھیوں کے راستے عمارت سے نکل جائیں۔

اگر **دھواں ہے تو** داخل مت ہوں۔ دروازہ بند کر دیں۔ دوسری سیڑھیوں میں جائیں اور دروازہ احتیاط سے کھولیں۔ اگر دھواں نہ ہو تو ان سیڑھیوں کے راستے عمارت سے نکل جائیں۔ اگر دھواں ہے تو داخل مت ہوں۔ اگر عمارت میں ان کے علاوہ سیڑھیاں موجود ہیں تو ان کے راستے جانے کی کوشش کریں۔ سیڑھیاں نہ ہونے کی صورت میں اپنے اپارٹمنٹ میں واپس آ کر خود کو دھوئیں سے محفوظ کریں۔

جب آپ سیڑھیوں میں ہوں

اگر سیڑھیوں سے نیچے اترے ہوئے آپ کو دھواں نظر آئے تو ان سیڑھیوں کو فوری بدل لیں۔ بعض عمارتوں میں، سیڑھیون سے نکلنے والے بعض دروازوں تالا لگا دیا جاتا ہے۔ تاہم، ہر پانچویں منزل پر دروازے کو تالا نہیں لگا ہو گا اس لیے اپ ان کے راستے باہر جا سکتے ہیں۔

- اگر دھوئیں سے پاک کوئی دوسری سیڑھیاں ہیں تو استعمال کریں۔
- آپ کوئی دوسری سیڑھیاں نہ ملیں تو اپنے یونٹ میں واپس آ جائیں, اگر ممکن ہوا، یا دھوئیں سے پاک کسی برآمدے مِیں چلے جائیں اور یونٹ کے دروازے کو زور زور سے بٹخیں حتیٰ کہ محفوظ مل جائے اور آپ 911 کو کال کریں۔

کبھی بھی چھت پر نہ جائیں۔

بالعموم دھواں سیڑھیوں میں اوپر کی جانب بڑھتا ہے۔ چھت تک جانے والے دروازوں کو عموما تالے لگے ہوتے ہیں اور وہاں جانے سے آپ کے تمام راستے مسدود ہو سکتے ہیں۔

- یاد رکھیں، آپ جہاں کہیں بھی ہیں، دھواں نظر آئے تو جھک جائیں، چاہے آپ کو رینگنا ہی کیوں نہ پڑے۔ فرش کے قریب ہوا صاف ہوتی ہے۔

اگر آپ اپنے یونٹ میں رہیں

تو آپ کو چاہیے کہ خود کو دھوئیں سے محفوظ رکھیں۔ اس وقت تک اپنے یونٹ میں رہیں جب تک کہ آپ کو بچا نہ لیا جائے یا جانے کو نہ کہا جائے۔ اس سے تو کافی دیر ہو جائے گی۔

الارم بجنے سے کافی دیر بعد یونٹ سے باہر نکلنے کی کوشش مت کریں۔ آپ جس قدر تاخیر کریں گے دھوئیں کے سیڑھیوں اور برآمدوں میں پھیل جانے کا خطرہ بڑھتا جائے گا۔ آپ کے بچ نکلنے کے امکان بہت کم ہیں۔

دھوئیں کو اپنے یونٹ میں داخل نہ ہونے دیں۔

دروازے میں دراڑیں بند کرنے کے لیے ڈکٹ ٹیپ استعمال کریں اور دروازے کے نیچے فرش پر گیلا تولیہ رکھ دیں۔ ہوا کی دیگر گزرگاہوں کو بھی اسی طرح بند کر دیں۔

اگر دھواں آپ کے یونٹ میں داخل ہو جائے تو

- 911 پر فائر ڈیپارٹمنٹ کو کال کریں اور انہیں بتائیں کہ آپ کہاں پر ہیں اور اگر محفوظ ہو تو بالکنی کی طرف آئیں۔ اپنے پیچھے دروازے بند کرتے آئیں۔
- اگر آپ کے پاس بالکنی ہو تو کم ترین دھوئیں والے کمرے میں آئیں، دروازہ بند کریں اور اسے ڈکٹ ٹیپ اور تولیے کے ساتھ سیل کر دیں۔ تازہ ہوا کے لیے کھڑکی کھولیں۔

- کھڑکی یا بالکنی سے شیٹ لہرا کے امدادی کارکنوں کو بتائیں کہ آپ کہاں پر ہیں۔
- فرش کے قریب رہیں جہاں ہوا صاف ہوتی ہے۔
- اگر آپ کی عمارت میں صوتی ابلاغ کا نظام موجود ہے تو دی جانے والی ہدایات کو غور سے سنیں۔

کیا آپ کو علم ہے۔۔۔

- کھانا پکاتے ہوئے باورچی خانے سے چلے جانا گھروں میں آتشزدگی کا سب سے بڑا سبب ہے۔ باورچی خانے میں رہیں اور جو کچھ پکایا جا رہا ہے اس پر مکمل دھیان دیں۔
- موم بتی سے آگ لگنے کے واقعات بھی زوروں پر ہیں۔ موم بتیوں کو آتش گیر مواد سے دور رکھیں اور کبھی انہیں جلتا چھوڑ کر مت جائیں۔
- گھروں میں آتشزدگی کے واقعات میں دھواں موت کا سب سے بڑا سبب ثابت ہوتا ہے۔ اپنی رہائش میں نصب دھوئیں کے الارموں کو ہر ماہ چیک کر کے یقینی بنائیں کہ یہ ٹھیک کام کر رہے ہیں۔
- دھوئیں کا الارم عمارت میں فائر الارم سسٹم سے منسلک نہیں ہوتا، اس لیے یہ صرف اس وقت بجے گا جب آگ آپ کے یونٹ میں پہنچ چکی ہو گی۔
- تمام فائر الارم آگ بجھانے والے عملے کو مطلع کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ 18 میٹر (7-6 منزلیں) سے کم بلند عمارتوں میں بالعموم یہ نظام نہیں ہوتا۔

کسی قسم کے ہنگامی حالات میں 911 کو کال کریں۔

- عام تاثر کے برعکس ہماری ایریل سیڑھیاں عمارت کی ہر منزل تک نہیں پہنچ پاتیں۔ مدد کے لیے آپ ان پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔ ہنگامی حالات کے مناسب اور موزوں طریقہ ہائے کاروں پر عمل کریں۔
- آپ کا یونٹ آگ کے باعث باقی یونٹوں اور برآمدوں سے کٹ چکا ہے۔ اس کا مطلب ہے آگ آپ کے یونٹ میں داخل نہیں ہو گی مگر دھواں کے داخلے کا امکان ہے، اسلیے خود کو دھوئیں سے بچانے کا انتظام کر لیں۔
- خود کار طریقے سے دروازے کو بند کرنے والے آلات دھوئیں اور آگ کو آپ کے یونٹ سے باہر نکلنے سے روکتے ہیں۔ اگر آپ کے یونٹ میں ایسے دروازے ہیں تو انہیں معطل نہ کریں۔

مزید تفصیلات کے لیے رابطہ کریں

میسیسیوگا فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز،
905-896-5908 یا ویب سائٹ وزٹ
کریں **www.mississauga.ca/fire**

142/09